Akhbar-e-Mashriq Kolkata
Thursday 21st, November 2013 Muharam 16, 1435 A.H.

ٹخنے کے درد سے چھٹکارا ممکن۔ڈاکٹر سنتوش کمار

کمپیوٹر کی مدد سے مکمل احتیاط کے ذریعہ مریض کا آپریشن کیا جاتا ہے

کلکتہ، 20 نومبر (اسٹاف رپورٹر): ٹخنے کے درد کے مریضوں کیلئے ڈاکٹر سنتوش کمار یقیناً روشنی کی کرن ہیں۔بیل ویو سے تعلق رکھنے والے معروف سرجن نے مشرقی ہند بالخصوص کلکتہ میں پہلی بار منی میلی ان ویسیو کمپیوٹر کی مدد سے ٹخنے کے کامیاب آپریشن کا افتتاح کیا۔ ٹخنے کے درد سے بے حال مریضوں کو معمولی آپریشن کے ذریعہ درد سے نجات دلانے کے عہد پر قائم ڈاکٹر سنتوش کمار نے آج آپریشن کے بعد اخباری نمائندوں کو آپریشن کے تعلق سے جانکاری فراہم کرتے ہوئے کہا کہ مریض کا آپریشن اس بکمال ہوشیاری سے کیا جاتا ہے جس سے ان کے اعصاب کو کم سے کم نقصان ہوتا ہے۔ اس میں خون بھی ضائع نہیں ہوتا۔ آپریشن کے بعد مریض پہلے کی طرح کارکردگی میں مصروف ہوسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ چند ہی گھنٹوں میں مریض کو چلنے پھرنے کی اجازت دی جاتی ہے۔ ڈاکٹر نے بتایا کہ یہ مکمل طور پر کمپیوٹرا ایکوریسی آپریشن ہے اس میں کی ہول سرجری کا کوئی دخل نہیں۔ ڈاکٹر نے بتایا کہ مریض کو آپریشن کے بعد دو سے تین دنوں میں ڈسچارج کردیا جاتا ہے جبکہ پانچ سے چھ دنوں میں انہیں مکمل صحت حاصل ہوتی ہے۔اسپتال کے ذرائع نے بتایا کہ ڈیڑھ برسوں میں تقریباً 500 مریضوں کا علاج کیا گیا لیکن کمپیوٹر ایکوریسی کے ذریعہ پہلی بار آپریشن کیا گیا۔ اس آپریشن میں تقریباً ڈیڑھ سے پونے دو لاکھ روپے کا صرفہ آتا ہے۔آج بیل ویو نرسنگ ہوم میں ٹخنے کا آپریشن براہ راست دکھایا گیا اور محض ڈیڑھ گھنٹے میں آپریشن کا عمل مکمل ہوا۔ ڈاکٹر سنتوش کمار امریکہ اور آسٹریلیا میں بھی اپنی کارکردگی پیش کرچکے ہیں۔